بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوالات برائے طلبہ وطالبات جماعت سوم عربی

از کتاب آئینہ تاریخ (حصہ دوم)

(باب اول)

(۱) قدیم تاریخ کے کون کون سے ماخذ ہیں؟ ان پر کہاں تک بھروسہ کیا جاسکتا ہے؟

(۲) باہر آنے والے مسلمان کس کس طرح کے لوگ تھے؟

(۳) عرب تاجرین اور عرب فاتحین کے اوصاف اور خدمات پر روشنی ڈالو،

(۴) مبلغین اسلام نے اس ملک کو کیا فیض پہونچایا؟

(۵) بھگتی مت کیا ہے؟ اس کی بنیادی تعلیمات پر روشنی ڈالو،

(۶) تیمور دوسروں کے مقابلے میں کیوں زیادہ قابل ملامت ہے؟

(۷) تیمور کے ابتدائی حالات بتاؤ،

(۸) تیمور کی آمد کو دہلی کبھی نہیں بھول سکتی ؟ کیوں؟

(۹) خضر خاندان کے بارے میں تم کیا جانتے ہو؟

(۱۰) مبارک شاہ کون تھا؟ اس نے حالات کی اصلاح کے لئے کیا کوششیں کیں؟ وہ کیوں اور کس طرح قتل ہوا؟

(۱۱) لودی خاندان کس طرح برسر اقتدار آیا؟ لودی خاندان کی حکومت کا بانی کون تھا؟

(۱۲) بہلول لودی کی سیرت اور کارناموں پر روشنی ڈالو، جون پور کے شرقی سلاطین کے ساتھ بہلول کا کیا رویہ رہا؟

(۱۳) سکندر لودی کی سیرت وکردار پر روشنی ڈالو،

(۱۴) ابراہیم لودی کون تھا؟ افغان امراء اور اس کے اعزہ اس سے کیوں ناخوش تھے؟

(۱۵) مالوہ کی حکومت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ گجرات کا صوبہ کب آزاد ہوا؟

☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوالات برائے طلبہ وطالبات جماعت سوم عربی

از کتاب آئینہ تاریخ (حصہ دوم)

(باب دوم)

(۱) مہدوی تحریک کیا تھی؟ اس تحریک کا بانی کون تھا؟ یہ تحریک کن حالات میں اٹھی؟

(۲) سید محمد جونپوری کی تحریک سے پہلے علماء ومشائخ کا کیا حال تھا؟ عوام کی کیا حالت تھی؟

(۳) سید محمد جونپوری کی علمی لیاقت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(۴) آپ کی کن غلطیوں کی وجہ سے لوگوں کو آپ کے خلاف فتنہ کھڑا کرنے کا موقع ملا؟

(۵) آپ قندھار کیوں گئے؟ آپ کے بعد مہدوی تحریک کا کیا حال رہا؟

(۶) مہدوی تحریک کا سب سے زیادہ درپہ کون رہا؟ اس نے کس طرح نقصان پہونچایا؟

(۷) ہند میں مغل سلطنت کا بانی کون تھا؟ ہند پر اسنے کس طرح قبضہ کیا؟

(۸) بابر کی ابتدائی زندگی کس طرح گزری؟ وہ کابل پر کس طرح قابض ہوا؟

(۹) راجپوتوں کا زور توڑنے کے لئیے بابر نے کیا کیا؟

(۱۰) بابر کی وفات کس طرح ہوئی؟ مرتے وقت بابر نے کیا وصیت کی تھی؟

(۱۱) شیر شاہ سوری کون تھا؟ اسکا یہ نام کیوں پڑا؟

(۱۲) نوجوانوں کے عزائم واقعات وحالات کا رخ موڑ دیتے ہیں، ثبوت میں شیر شاہ سوری کی زندگی سے دلائل فراہم کرو،

(۱۳) اکبر کی پیدائش اور بچپن کے متعلق تم کیا جانتے ہو؟

(۱۴) اکبر زبردست فاتح تھا، اس نے کون کون سے علاقے فتح کیئے؟

(۱۵) اکبر شروع میں خوش عقیدہ مسلمان تھا لیکن بعد میں اس کے عقیدہ میں کیا تبدیلیاں آئیں تفصیل لکھیں،

☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوالات برائے طلبہ وطالبات جماعت سوم عربی

از کتاب آئینہ تاریخ (حصہ دوم)

(باب سوم)

(۱) دین الٰہی کیا تھا اور اس کا کیا حشر ہوا؟

(۲) اکبر کے بگاڑ میں سب سے زیادہ ہاتھ اس دور کے علماء سوء کا تھا، کیسے؟ وضاحت کریں،

(۳) اکبر کی خواہش کے خلاف جہانگیر کس طرح برسر اقتدار آیا؟ اور اس نے تخت نشیں ہوتے وقت کیا حلف اٹھایا؟

(۴) نور جہاں کون تھی؟ جہانگیر کے نکاح میں کیسے آئی؟

(۵) جہانگیر نے مملکت کی توسیع کے لئے کیا کیا؟

(۶) اکبری دور کے علماء حق کے نام لکھیں،

(۷) الناس علیٰ دین ملوکہم کا مطلب تحریر کریں،

(۸) حضرت مجدد الف ثانیؒ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

(۹) حضرت کو جہانگیر کے دربار میں کیوں طلب کیا گیا؟

(۱۰) حضرت کو جیل کیوں بھیجا گیا؟ جیل میں آپ کی خدمات کیا تھیں،

(۱۱) شاہجہاں کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ کن حالات میں اور کیسے تخت نشین ہوا؟

(۱۲) دکن کی مسلمان ریاستوں کے بارے میں شاہجہاں نے کیا رویہ اختیار کیا؟ اور کیوں؟

(۱۳) اورنگ زیبؒ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

(۱۴) اورنگ زیبؒ کا دکن میں دوبارہ تقرر کیوں ہوا اور کیا حالات ہوئے؟

(۱۵) اورنگ زیبؒ پر کئے جانے والے اعتراضات کیا ہیں اور ان کا کیا جواب ہے نیز اورنگ زیب کی سیرت وکردار پر ایک مختصر نوٹ تحریر کریں،

☆☆☆☆☆